پریس ریلیز 1 فروری 2025

پاکستان میں پرتگال کے سفیر فریڈریکو سلوا نے، افتخار فیروز اعزازی کونسلر لاہور اور رفعت فاطمہ ہیومن رائٹس آفیسر کے ہمراہ گجرات چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا اور محمد منیر پشاوری صدر گجرات چیمبر کے زیر صدارت گجرات کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ میٹنگ کی۔

اس موقع پر، خاور رفیق رائل فین، محمد عباس، محمد عمران، غلام مصطفیٰ، عادل اشرف، سلمان بٹ، محمد علی رضا، نعمان احمد، ارشد جاوید کمبوہ، زیشان اشرف، ہارون ہمایوں، احمد حسن، راجہ آصف علی، ولید عارف، رانا بلال، علی شان جمشید، مہر عبدالرحمٰن، راجہ انیس، اکرام بٹ، عابد حسین ، قیصر لطیف ایگزیکٹو ممبران، سکندر اشفاق رضی، ثوبان ظہیر بٹ، عامر نعمان، علی انصر گھمن، طارق بلال ملک سابق صدور، چوہدری اسد بھٹی، خرم الطاف بھٹی، معصوم قمر سابق نائب صدور، ملک اظہار احمد، چوہدری علی حسن، وقار ایوب بٹ، عدیل ارحمٰن چوہدری، ملک ناصر بشیر، سابق ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔

صدر گجرات چیمبر نے پاکستان میں پرتگال کے سفیر کو گجرات چیمبر میں خوش آمدید کہا اور گجرات شہر اس کی صنعت و تجارت اور گجرات چیمبر آف کامرس کا تعارف کروایا۔ پاکستان اور پرتگال کی تجارت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اکستان اور پرتگال کے درمیان دوطرفہ تعلقات تاریخی طور پر مثبت رہے ہیں، پاکستان اور پرتگال کے درمیان تجارتی تعلقات مسلسل بڑھ رہے ہیں، حالانکہ یہ دوسرے تجارتی شراکت داروں کے مقابلے میں نسبتاً معمولی ہیں۔

2022-24 تک، پاکستان نے پرتگال کو تقریباً 430 ملین امریکی ڈالر کی برآمدات کیں، جبکہ درآمدات تقریباً 35 ملین امریکی ڈالر کی تھیں۔ اجتماعی کوششوں، وفود کے تبادلے، بی ٹو بی اور تجارتی معاہدوں سے ہم یقیناً تجارتی حجم کو بڑھا سکتے ہیں۔ پاکستان اور پرتگال کے درمیان ثقافتی اور تعلیمی تبادلے بھی ہوئے ہیں جس سے باہمی افہام وتفہیم اور تعاون کو فروغ ملا ہے۔ ان تبادلوں میں اکثر تعلیمی تعاون، ثقافتی تقریبات اور طلباء کے تبادلے شامل ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہیں گے کہ گجرات کی مصنوعات کو آپ کے زریعے پرتگال اور دیگر یورپی ممالک کی مارکیٹ میں رسائی دلوائیں۔

فریڈریکو سلوا پاکستان میں پرتگال کے سفیر نے سب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ گجرات چیمبر آف کامرس میں آکر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ میری کوشش ہوگی کہ آج آپ کے ساتھ کھل کر باتیں کروں۔ گجرات پنجاب کا ایک اہم شہر ہے جس کی چار ہزار سال کی تاریخ ہے۔ گجرات کی بزنس کمیونٹی بہت وائبرنٹ ہے گجرات سے لوگوں کی بہت تعداد پرتگال میں آباد ہے۔ ہمارے کونسل جنرل افتخار فیروز 1995 سے ہمارے ساتھ منسلک ہیں اور اس علاقے کے حوالے سے کافی علم رکھتے ہیں۔ یہ آپ کی سروس کے لیے حاضر ہیں۔ ہم آپس میں جوائنٹ وینچرز کر سکتے ہیں پرتگال اور پاکستان کے آپس میں تعلیم اور ریسرچ پر ایم او یو سائن ہیں۔ پرتگال اور پاکستان کے 75 سالوں سے تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے پرتگال کی تاریخ اور اس کے جگرافیہ کے حوالے سے بھی بتایا۔ انہوں نے کہا کہ پرتگال کی 900 سال پرانی تاریخ ہے اور اس کے 140 سال سے ایشیاء کے ساتھ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری گلوبل اکانومی ہے، ہماری آمدن کا بڑا حصہ سروس سیکٹر سے ہے اور تقریباً 25 فیصد انڈسٹری سے ہے، پرتگال کی آبادی 11 ملین ہے اور 300 ارب ڈالر کی اکانومی ہے جبکہ فی کس آمدن 3500 ڈالر ہے۔ ہمارا فوکس آئی ٹی اور رینوایبل انرجی پر ہے۔ ہم اپنی بجلی کا 80 فیصد رینوایبل طریقے سے بنا رہے ہیں۔ پاکستان کی برآمدات پرتگال میں 80 فیصد ہیں ہم پاکستان سے چاول، ٹیکسٹائل، جراہی آلات، چمڑہ اور دیگر اشیاء خرید رہے ہیں جبکہ ہم پاکستان میں مشینری، پیپر، کارک اور سکریپ آئٹمز بھیج رہے ہیں۔ ہمارا کارک دنیا میں بہترین ہے جو پاکستان میں کرکٹ گیند بنانے کے کام آتا ہے۔ پرتگال سیاحت کے حوالے سے مشہور ہے اور ہماری آبادی کا تین گنا سیاہ ہر سال وہاں آتے ہیں۔ پاکستان سے بہت سے لوگ پرتگال میں رہ رہے ہیں اور پچھلے کچھ سالوں میں

اس میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ جن میں زیادہ تعداد طالب علموں کی ہے۔ پاکستان سے طالب علم، ورکر اور بزنس مین پرتگال میں رہ رہے ہیں۔ پاکستان سے ہمارا مظباط تعلق ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ تعلق دونوں ملکوں کی ٹریڈ میں بھی نظر آئے۔

اس موقع پر ایک تعارفی ویڈیو بھی دکھائی گئی جس میں پرتگال کی صنعت اور اس کی ترقی اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے بتایا گیا۔

علی انصر گھمن سابق صدر نے کہا کہ فرنیچر انڈسٹری گجرات کی ایک اہم صنعت ہے اور ہم بہت سے ملکوں میں ایکسپورٹ کر رہے ہیں آپ بتائیں کہ پرتگال میں اسکا کیا سکوپ ہے

معصوم قمر سابق نائب صدر نے پوچھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان بہترین تعلقات ہیں۔ ہم پرتگال کی مارکیٹ میں جیمز اینڈ جیولری کے حوالے سے کیسے رسائی حاصل کر رہتے ہیں

پرتگال کے پاکستان میں سفیر نے کہا کہ ہم زیادہ تر اپنا فرنیچر بنا رہے ہیں اور ایکسپورٹ بھی کر رہے ہیں

اگر آپ پرتگال میں فرنیچر اور جیولری وغیرہ پر کام کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے پاکستان ایمبیسی پرتگال میں رابطہ کر سکتے ہیں وہ آپ کی رہنمائی کریں گے اور دیگر ایسوسی ایشنز اور چیمبرز بھی موجود ہیں۔

میٹنگ کے اختتام پر محمد منیر پشاوری صدر گجرات چیمبر نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر پرتگال کے پاکستان میں سفیر کو گجرات چیمبر کی جانب سے خصوصی سووینئر بھی پیش کیا گیا۔